1. 0 تا 999 ویں تک کے اعداد کی شناخت کرتے ہوئے پڑھنا، لکھنا، اور مقامی قیمت کے لحاظ سے توسیع کرتے ہوئے لکھنا۔
2. تین ہندسی اعداد کی دہائی کے بغیر اور دہائی کے ساتھ جمع اور تفریق کرنا۔
3. مضروب، ضارب، اور حاصِل ضرب کی نشاندہی کرتے ہوئے ضرب کے آسان مسائل حل کرنا۔
4. دوابعادی خاکوناور سہ ابعادی اشیاء کی شناخت کرنا۔

5. پیسوں کو روپیوں میں اور روپیوں کو پیسوں میں تحویل کرنا۔
6. گھڑی کے استعمال سے سکینڈ، منٹ، اور گھنٹہ کے سوئیوں کی پہچان کرانا۔
7. میٹر اور سنٹی میٹر اکائیوں سے لمبائی کی پیمائش کا ہنر سیکھنا۔
8. سالم کا آدھا، ایک چوتھائی، تین چو تھائی کی شناخت کرنا۔
9. تشاکلی کی شناخت۔

## بنیادی صلاحیتیں واکتسابی نکات کو سمجھنے کے لئے کروائی جانے والی سرگرمیاں

**بنیادی صلا حیت نمبر 01 :-**

1. اعداد کے تاج بنا کر 4 طلباء کو پہنا ئیں اور ان اعداد کو دوسروں کے ذریعہ پڑھائیں۔
2. مختلف چھلکی کارڈس میں اعداد لکھ کر بچّوں کو دیں ہر بچہ اپنے عدد کو تختہ سیاہ پر لکھ کر پڑھتا ہے اور اسکی توسیع کر تا ہے
3. مختلف اشیاء کے تصاویر اکٹھا کریں جیسے کہ قلم، بیاض، جوتے وغیرہ اور ان کی قیمت درج کرکے بچّوں سے پڑھائیں گے۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 02:-**

1۔تین ہندسی اعداد کے دو جھلکی کارڈس دو بچّوں میں دیں۔ تیسرا طالب علم ان کو پڑھے گا۔اور ان اعداد کو ستونی طریقہ سے لکھ کر ان اعداد کی جمع اور تفرعق معلوم کرے گا۔

اسی سرگرمی کو دوسرے بچّوں سے بھی دہرایا جائے۔

2۔ طلباء کے انگلیوں کو اعداد متعین کریں جیسے کہ پہلی انگلی سو، دوسری انگلی 200 اسی طرح نو انگلیوں کے لئے 900 متعین کریں اور ان اعداد کی جمع اور تفریق کی مشق کرائیں۔



**بنیادی صلاحیت نمبر 03**

1. چارٹ میں، ضارب، مضروب، اور حاصِل ضرب کو ظاہر کریں اور بچّوں سے مشق کروائیں۔
2. گھومنے والے تختیاں بنا کر اعداد کی ضرب کو دلچسپ بنا سکتے ہیں
3. املی کے بیج، گولیاں وغیرہ کا استعمال کرکے ضرب سکھلائیں۔
4. ہر طا لب ِعلم کو مساوی تعداد میں پھول، یا پتھر وغیرہ لانے کے لئے کہیں اور ان کی جمع کروائیں۔ اس سرگرمی کے بعد ضرب کا تصور پیدا کر کے بتائیں کہ دوہرائی گئی جمع ہی ضرب ہے۔

**بنیادی صلاحیت نمبر04**

1. املی کے بیج یا گولیوں کے استعمال سے آسانی سے تقسیم سکھا یا جا سکتا ہے
2. چارٹ کا استعمال کرتے ہوئے مقسوم، مقسوم علیہ اور خارج قسمت کے ساتھ بچت کی مشق کروائیں
3. اشیار کی گروہ بندی کے ذریعہ تقسیم کا تصور پیدا کرسکتے ہیں

4. 27 گولیوں کو 5 بچّوں میں مساوی طور پر بانٹ کر جو 3 گولیاں بچی ہوتی ہیں۔ اس سے بچت کا تصوّر پیداکرسکتے ہیں۔

**بنیادی صلاحیت نمبر05**

1. بچّوں نے مناسب ٹائلس اور غیر مناسب ٹائلس کہا ں کہاں دیکھیں ہیں اس کی فہرست تیار کروائیں۔
2. دو ابعادی اور سہہ ابعادع اشکال کے طرف بتلا کر ان کی فہرست تیار کروائیں۔
3. 3D فلموں کی مثال کے ذریعہ ذوالبعاد اور سہ البعاد تصور پیدا کریں
4. مربع، مستطیل، مکعب، ہرم، وغیرہ اشیاء کو دیکر ان کو ذوابعاد اور سہہ البعاد میں درجہ کرائیں

**بنیادی صلاحیت نمبر06**

1. معلّمہ مختلف قسم کے سکّے اور روپیے اکٹھا کر طلباء کے ذریعہ پیسوں کو روپیوں میں اور روپیوں کو پیسوں میں تحویل کروائیں گے۔
2. روزِ مرّہ زندگی میں پیش آنے والے ہٖرید فروخت کے واقعات پر زبانی طورپر سمجائش کریں گے۔
3. جماعتی کمرے میں ایک طالِب علم کو دو کاندار اور دوسرے بچّوں کو گایک بنا کر چھوئے اشیاء جس میں پیسوں کا تصور ہو کی خرید و فروخت کرائیں

**بنیادی صلاحیت نمبر 07**

1 معلّمہ مختلف قسم کی گھڑیوں کو دکھلاتے ہوئے گھڑی میں موجود سوئیوں اور 1 سے 12 تک کے اعداد کا مشاہدہ کرائیں اور دو متواتر اعداد کے درمیان 5 منٹ ہوتے ہیں۔ اس کو سمجھا ئیں

2 بڑی سوئی کو گھماتے ہوئے چھوٹی سوئی کی حرکت پر غور کریں اور 1 گھنٹہ میں 60 منٹ ہوئتے ہیں اس کو وا ضح کرائیں

3 مختلف اوقات کا چارٹ تیار کرکے طلباء سے وقت معلوم کرائیں

4 طلباء کے ذریعہ مختلف اوقات کا چارٹ تیار کر کے طلباء سے وقت معلوم کرائیں

5 طلباء کے ذریعہ مختلف اوقات کا چارٹ تیار کروائیں۔
مثال:- 4-00 گھنٹے 10:00 گھنٹے وغیرہ

**بنیادی صلاحیت نمبر 08**

1. طلباء سے اپنی بک، قلم، گلی ڈنڈا کرکٹ بیاٹ وغیرہ کی پیمائش کرائیں۔
2. ایک میٹر کی پیمائشی پٹی کو سنٹی میڑ والی سڑی سے ناپ کر ایک میڑمیں 100 سنٹی میڑ ہونے سے اس کا تصور پیدا کریں
3. 3 میڑ لمبائی رکھنے والے تگے میں سے 150 سنٹی میڑ تاگہ کو کاٹ کر باقی تاگہ کی پیمائش کریں۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 09**

1 ایک پھل (جام) لیکر اس کے 4 مساوی حصّے بنائیں، پہلا، دوسرا اور تیسرا حصّہ لیکر ایک چوتھائی آدھا اور تین جوتھائی کا تصور پیدا کریں۔

2 تختہ سیاہ پر معلّمہ چند دائرے کھینچ کر اس کے 4 مساوی حصّہ بنائیں گے اور طلباء کے ذریعہ آدھا ایک چوتھائی وغیرہ حصّہ کو رنگین کرنے کے لئے کہیں گے۔

3 طلباء کے چند گروں بنائیں جس میں دو یا 4 طلباء ہوں ہر گروۃ کو ایک کیلا دیکر آپس میں مساوی حصّہ میں بانٹنے کے لئے کہیں اور ان کو ملنے والا حصّہ دریافت کریں۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 10**

1- جماعتی کمرے اور اپنے اطراف و اکناف موجودتشاکلی اشکال کی شناخت کرائیں، اور تشاکلی اشکال کے مفہوم سے واقف کرائیں۔

A-2 سے Z تک کے حرفوں میں متشا کل حروف کی شناخت کرائیں گے۔

## قبل از جانچ آزمائش میں استعمال ہونے والے نمونتاً سوالاتُ:۔

**بنیادی صلا حیت نمبر 01**

1. 324 کو الفاظ میں لکھئے
2. پانچ سو جوراسی کو اعداد میں لکھئے
3. 80 کو مقامی قیمت کے لحاظ سے توسیع کرو
4. 958 میں 9 کی مقامی قیمت کیا ہے
5. 8+900 کو مختصر صورت میں لکھئے

**بنیادی صلاحیت نمبر 02**

1- درج ذیل مسائل کو حل کرو:-

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 458 | 656 | 458 | 657 | 586 | 856 |
| + 321 | + 264 | + 323 | + 468 | + 373 | + 468 |
| ___ | ___ | ___ | ___ | ___ | ___ |

**بنیادی صلاحیت نمبر 03**

1. 4X8=32 میں ضارب کونسا ہے؟
2. ضرب کرو 12X3

4 8 اور 6 کا حاصِل ضرب دریافت کرو

5 ــــــــ= ضارب x مضروب

6 8x___ 32

**بنیادی صلاحیت نمبر04**

1- 32÷8=4 میں مقسوم، مقسوم علیہ اور خارج قسمت کو لکھئے

2- تقسیم کر 12÷3

3۔خارج قسمت دریافت کرو 42 ÷7

4۔تقسیم کرو 20÷5

5- 56 ÷ــــ=8

**بنیادی صلاحیت نمبر05**

1-2 ابعادی اشکال سے کیا مراد ہے۔

2۔سہہ ابعادی اشیاء کی کوئی 4 مثالیں دیجئے

3۔لمبائی، چوڑائی اور بلندی رکھنے والے اشیاء کو کیا کہتے ہیں

4۔ مناسب ٹائلس کسے کہتے ہیں؟

**بنیادی صلاحیت نمبر 06**

1۔ روپیوں کو پیسوں میں تحویل کرنے کے لئے روپیوں کو ــــــــ سے ضرب کرنا ہوگا۔

2۔ 15 روپئے = ــــــ پیسے

3۔ 600 پیسے =روپئے

4۔ 675 پیسے =ــــــ روپئے ــــ پیسے

5۔ 1 روپئے میں کتنے پیسے ہوتے ہیں۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 07**

1. ایک منٹ میں کتنے سکینڈ ہوتے ہیں
2. ایک گھنٹہ میں کتنے منٹ ہوتے ہیں
3. گھڑی کا وقت بتاؤ
4. گھڑی میں ــــــ سوئی گھنٹے بتاتی ہے۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 08**

1. ا5 میڑ = ــــــ سنٹی میڑ
2. ایک خط کھینچ کر اس کی لمبائی ناپو
3. 105 سنٹی میڑ لمبا تاگا لے کر اس کو تین مساوی حصّوں میں کر کے ایک حصّہ کی لمبائی کو لکھو
4. پیمائشی پٹی استعمال ہونے والے کوئی تین مواقع لکھو۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 08**

1۔ رنگ شدہ حصّہ کو کسر میں لکھئے

2۔ اس شکل کا کتنا حصّہ رنگ شدہ ہے۔

3۔ 1/2 کو کیا کہتے ہیں

4۔دی گئی شکل میں ¼ حصّہ کو رنگ کیجئے۔

5۔ تین چوتھائی کا خاکہ بناؤ

**بنیادی صلاحیت نمبر 10**

1۔ تشاکلی شکل کی ایک مثال دو

2۔ متشکل انگریزی حروف کی فہرست بناؤ

3-B کیا یہ نشا کلی شکل ہے؟

4۔ درج ذیل میں نشاکلئی اشکال کی شناخت کرؤ

5۔ کوئی ایک تشاکلی شکل بنا کر رنگ بھرو

## قبل از اور ما بعد آزمائش میں استعمال ہونے والے نمونتاً سوالاتُ:۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 01**

1) 423 کو الفاظ میں لکھئے
2) آٹھ سو چھپّن کو اعداد میں لکھئے
3) 804 کو مقامی قیمت کے لحاظ سے توسیع کرو
4) 598 میں 8 کی مقامی قیمت کیا ہے
5) 7x100+6x10+9x1 کو مختصر صورت میں لکھئے۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 02**

1-986 سے 857 کو تفریق کرو
2- 869 اور 756 کو جمع کرو
3- جمع کرو 346 اور 459
4- تفریق کرو
479 سے 231 کو

**بنیادی صلاحیت نمبر 03**

-1 8x6 =48 میں مضروب ضارب اور حاصل ضرب کونسے ہیں لکھئے
-2 ضرب کرو 43x5
-3 18 اور 4 کا حاصل ضرب دریافت کرو
-4 حا صل ضرب = ـــــــ xمضروب
-5 36=4x___

**بنیادی صلاحیت نمبر 04**

1 48÷8=6 میں مقسوم، مقسوم علیہ اور خارج قسمت کو لکھئے۔
2 تقسیم کرو 12 ÷4
3 خارج قسمت دریافت کرو 56÷8
4 تقسیم کرو 81÷9
5 ـــــــ÷ 7=6

**بنیادی صلاحیت نمبر 05**

1 سہ البعادی اشکال کسے کہتے ہیں
2 دو ابعادی اشکال کی 2 مثالیں دیجئے
3 صرف لمبائی اور چوڑائی رکھنے والے اشکال کو کیا کہتے ہیں
4 دو ابعادی اشکال کی خصوصیات لکھئے۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 06**

1 رو پیوں کو پیسوں میں تحویل کرنے کے لئے روپیوں کو 100 سے ـــــ کرنا ہوگا
2 6.25 روپئے =ـــــــــ پیسے۔
3 500پیسے =ـــــــــ روپئے

4 100 پیسے= ــــــ روپئے۔

5 763 پیسے=ـــــــ روپئے اور ـــــــپیسے

**بنیادی صلاحیت نمبر 07**

1 60 سکینڈ کو کتنے منٹ ہوتے ہیں

2 ایک دن میں کتنے گھنٹے ہوتے ہیں

3 ایک گھڑی میں اگر بڑی سوئی 12 پر اور چھوٹی سوئی 4 پر ہو تو وقت بتاؤ

4 گھڑی کی کونسی سوئی منٹ بتلاتی ہے۔

**بنیاد صلاحیت نمبر 08:۔**

1 100 سنٹی میٹر = ــــــ میٹر

2 1 میڑ کپڑے میں 50 سنٹی میڑ کے کتنے ٹکڑے کرسکتے ہیں

3 3 سنٹی میڑ لمبائی والا ایک خط کھینچو۔

4 آپ پیمایشی پٹی کا استعمال کہاں کہاں کرتے ہیں لکھئے۔

**بنیاد صلاحیت نمبر 09:۔**

1 ایک دائرہ کھینچ کر ¼ حصّہ کو رنگ کیجئے۔

2 ایک مستطیل کا خاکہ بنا کر 1/2حصّہ کو رنگ کیجئے

3 تین چوتھائی کو کسر میں لکھئے

4 ½میں ¼ کے کتنے حصّے ہوتے ہیں۔

**بنیاد صلاحیت نمبر 10:۔**

1 جماعتی کمرے میں موجود نشا کلی اشکال کے نام لکھئے۔

2 انگریزی حروف لکھئےجو نشاکلی اشکال ہوں

3 F کیا یہ تشا کلی شکل ہے۔

4 درج ذیل میں تشاکلی اشکال کی شناخت کرو

5 کوئی ایک تشاکلی شکل بنا کر رنگ بھرو۔